# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

## 21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی ایکسپو سینٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں منعقدہ زرعی نمائش "ایگری کنکشن 2024" میں شرکت۔**

**یہ نمائش کاشتکاروں و دیگر اسٹیک ہولڈرز کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگی۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو**

**لاہور:24اپریل 2024:(** ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایکسپو سینٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں منعقدہ زرعی نمائش "ایگری کنکشن 2024 " میں شرکت کی اور محکمہ زراعت کے تحت قائم سٹالز کا معائنہ کیا۔اپنے دورہ کے دوران سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے نمائش میں لگائے گئے مختلف سٹالز کا معائنہ بھی کیا۔محکمہ زراعت کے سٹال کے معائنہ کے موقع پر انہوں نے ہدایات جاری کیں کہ شعبہ اصلاح آبپاشی کے تحت جاری منصوبوں بارے نمائش میں لوگوں کو آگاہی فراہم کی جائے ۔فصلوں کی آبپاشی کے طریقوں بارے کاشتکاروں کو لٹریچر اور شارٹ ویڈیوز کے ذریعے راہنمائی فراہم کی جائے۔شارٹ ویڈیوز کو کاشتکاروں تک پہنچانے کیلئے سوشل میڈیا کا استعمال کیا جائے۔کپاس کی فصل پر سپرے کے طریقوں کی ویڈیوز تیار کر کے سوشل میڈیا کے ذریعے زیادہ سے زیادہ کاشتکاروں اور اسٹیک ہولڈرز تک پہنچائی جائیں۔انھوں نے مزید کہا کہ زرعی تحقیق کے ثمرات کاشتکاروں کی ویلیز تک پہنچنے چاہیں۔کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ کیلئے سب سے بڑا چیلنج کپاس کی نئی اقسام کی دریافت ہے۔کپاس کی ایسی اقسام کی دریافت کی جائے جو ضرر رساں کیڑوں اور بیماریوں کے خلاف قوتِ مدافعت کی حامل ہوں۔کپاس کی فصل پر موسمیاتی تبدیلیوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے تحقیق کی جائے۔دورہ کے موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے محکمہ زراعت کے سٹال کی برینڈنگ کو سراہا۔بعدازاں،سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے زرعی نمائش میں منعقدہ کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ نمائش کاشتکاروں و دیگر اسٹیک ہولڈرز کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگی۔حکومت پنجاب کاشتکاروں کی فلاح کیلئے 400ارب روپے سے زائد کا تاریخی زرعی پیکج لا رہی ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ پنجاب کسان کارڈ سے کاشتکاروں کو زرعی مداخل کی بروقت خرید کیلئے بلاسود قرضوں کی سہولت دستیاب ہوگی۔صوبہ پنجاب میں پانی کی ترسیل کو بہتر بنانے کیلئے کھالہ جات کی اصلاح و پختگی کا کام کیا جائے گا۔کسانوں کیلئے ون ونڈو سلوشن کے تحت ماڈل ایگریکلچر سینٹرز کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔کاشتکاروں کو بہتر توسیعی خدمات کی فراہمی کیلئے 500 زرعی گریجوایٹس کو کنٹریکٹ پر بھرتی کیا جا رہا ہے۔آئی سی ٹی کے استعمال سے زرعی توسیعی سرگرمیوں میں بہتری لائی جائے گی۔کھادوں اور معیاری زرعی ادویات کی کوالٹی اور فروخت کیلئے قانون سازی کی جا رہی ہے۔آخر میں سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو نے زرعی نمائش کے کامیاب انعقاد پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد پیش کی۔

☆☆☆☆